Department of Education
Chancellor Meisha Porter

20 ستمبر، 2021

عزیزی اہلِ خانہ،

پچھلے ہفتے ہمارے طلبا کو کلاس رومز میں واپس خوش آمدید کہنا بہت ولولہ انگیز تھا، ان کے چہروں پر خوشی دیکھنا جب وہ آخر کار خود موجودگی تعلیم میں اپنے اساتذہ اور ہمسروں کے ساتھ واپس آئے۔ یہ بہت خاص وقت ہے، اور ہم یہ یقینی بنانے کے لیے ہر ممکن کوشش کررہے ہیں کہ ہمارے اسکول محفوظ اور صحتمند رہیں۔

میں آپکو مدعو کرتی ہوں کہ آپ میرے ساتھ اس وڈیو میں اسکول کے اس پہلے ہفتے کے حیرت انگیز تجربے کا اشتراک کریں (vimeo.com/609642752/70f8506d67) جو شہر بھر میں ہمارے ہوم کمنگ تجربے کو بہترین بیان کرتا ہے۔

ہمارے تعلیمی سال 22-2021 ویب پیج (schools.nyc.gov/homecoming) پر بیان کردہ وسیع صحت اور حفاظت کے اقدامات کے علاوہ، ہم اپنے اسکولوں میں COVID-19 طریقِ کار میں اہم مطابقتیں کررہے ہیں:

- **ہفتہ وار ٹیسٹنگ۔ پیر، 27 ستمبر** سے شروع، محکمئہ تعلیم تمام ایلیمنٹری، مڈل اور ہائی اسکولوں میں گریڈز 12-1 کے طلبا کے لیے بلاترتیب COVID-19 ٹیسٹنگ کو ہر دو ہفتے سے بڑھا کر ہر ہفتے کرے گا۔ ہم صرف ان طلبا کو ٹیسٹ کرسکتے ہیں جنکے والدین نے ایک تجدید کردہ ٹیسٹنگ کی اجازت کا فارم اپنے اسکول میں جمع کروایا ہے۔ آپکی اپنے بچے کے لیے یہ اجازت فراہم کرنے کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے اگر آپ نے پہلے ہی ایسا نہیں کرلیا ہے۔ اگر آپ نے تعلیمی سال 22-2021 کے لیے پہلے ہی ایک ٹیسٹنگ کی اجازت کا فارم جمع کروادیا ہے وہ اجازت نامہ موثر رہے گا۔ اگر آپ نے ابھی تک اپنا اجازت نامہ جمع نہیں کروایا ہے، آپ ایسا دو طریقوں سے کرسکتے ہیں:
  - فارم کو اپنا نیویارک شہر اسکولز اکاؤنٹ (NYCSA) استعمال کرتے ہوئے مکمل کریں: schoolsaccount.nyc یا
  - فارم آن لائن schools.nyc.gov/covidtesting پر ڈاون لوڈ کریں اور مکمل کردہ فارم اپنے بچے کے اسکول لائیں۔

- **تجدید کردہ کوارنٹیں پالیسی۔** اسکے علاوہ، **پیر، 27 ستمبر** سے شروع، مرکز برائے بچاو اور انسداد بیماری (CDC) کی تازہ ترین رہنمائی خطوط کے مطابق، اگر کلاس روم میں کوئی مثبت کیس ہوتا ہے تو ہم پورے کلاس روم کو بند نہیں کریں گے۔ بغیر ویکسین والے طلبا جو ماسک پہنے ہوں اور اس طالب علم سے کم از کم تین فٹ کے فاصلے پر تھے جسکا ٹیسٹ مثبت آیا ہے انہیں CDC کے رہنمائی خطوط کے مطابق قریبی رابطے میں نہیں سمجھا جاتا ہے اور انہیں کوارنٹین کرنا درکار نہیں ہوگا۔ اس نئی پالیسی کا اطلاق ہر گریڈ کے تمام طلبا پر ہوتا ہے۔

ویکسینیشن اہم ترین قدم ہے جو ہم اپنے خاندانوں اور اپنی برادریوں کو COVID-19 سے بچاو کے لیے لے سکتے ہیں۔ آپکے بچوں اور اسکول برادریوں کو محفوظ رکھنے کے لیے، ہم نے لازمی کیا ہے کہ محکمئہ تعلیم کا تمام عملہ COVID-19 کی ویکسین لگوائے— 27 ستمبر تک، تمام ملازمین COVID-19 کی کم از کم ایک ویکسین لگوائیں گے۔ اپنے لیے یا اپنے 12 سالہ یا زائد عمر کے اہل طالب علم کے لیے ویکسین لگوانے کا وقت لینے کے لیے براہِ مہربانی vaccinefinder.nyc.gov پر جائیں۔

ہم آپکے بچوں کو محفوظ رکھنے کے لیے جو بھی کررہے ہیں اسکا آپکے ساتھ اشتراک کرتے رہیں گے۔ ہمارا تعلیمی سال دوبارہ واپسی پر پہلے ہی ایک عمدہ آغاز کررہا ہے، اور میں آپکے طلبا کو اس سال اپنے ہمسروں کے ساتھ تعلیم حاصل کرتے ہوئے فروغ اور نشو ونما پاتے دیکھنے کی متمنی ہوں۔

شراکت میں،

Meisha Porter
نیویارک شہر اسکولز چانسلر